Maulana Azad National Urdu University

PhD (Islamic Studies) Course work I Semeter Examination, Feb-March- 2022

تحقیق کا متعلقہ دائرہ۔ الف: اسلامی علوم

PHIS101DST: Area of Research Concerned: A- Islamic Sciences

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات دو حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول اور حصہ دوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں اس میں طالب علم کو کوئی آٹھ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً سو (100) لفظوں پر مشتمل ہے ہر سوال کے لیے 5 نمبرات مختص ہیں۔ **(8 x 5 = 40 Marks)**

2. حصہ دوم میں پانچ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً ڈھائی سو (250) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

1. قرآنی مضامین پر ایک نوٹ لکھئے۔
2. قرآن کے سیاسی افکار پر گفتگو کیجئے۔
3. تفسیر قرآن کے معاصر مناہج کا جائزہ لیجئے۔
4. دور جدید کے موضوعات میں قرآن سے کیا رہنمائی ملتی ہے؟ وضاحت کیجئے۔
5. حدیث کے قدیم موضوعات کے پس منظر میں دور جدید کے کیا موضوعات ہو سکتے ہیں؟ روشنی ڈالئے۔
6. علم اسماء الرجال کا تعارف کرایئے اور موجودہ وقت میں اس کی اہمیت پر روشنی ڈالئے۔
7. حدیث کے ساتھ قرآن کے ربط کی نوعیتوں کو واضح کیجئے۔
8. فقہی مسالک کو آپ کس نظر سے دیکھتے ہیں؟ تاریخی تناظر میں گفتگو کیجئے۔
9. ائمہ مجتہدین اور عہد اول کے فقہاء کی فقہی تصنیفات پر ایک نوٹ لکھئے۔
10. تصوف کے سلاسل کیسے بنے؟ اور ان میں باہم کیا فرق ہے؟ وضاحت کیجئے۔

حصہ دوم

11. تصوف کی بابت اہل علم کی آراء کا علمی جائزہ لیجئے۔
12. تقلید کی شرعی حیثیت کیا بنتی ہے؟ اور موجودہ وقت میں اس کا کیا رول ہے؟ واضح کیجئے۔
13. کتب حدیث اور ان کی اقسام پر ایک مفصل لکھئے۔
14. قرآن وحی الٰہی ہے، اس کے قرآنی دلائل پر گفتگو کیجئے۔
15. موجودہ دور میں اجتہاد کی عملی صورت کیا ہو سکتی ہے، بحث کیجئے۔

☆☆☆